ilmkidunya
علم کی دنیا

# Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 11 Short Questions Test

Q1. مردم شماری کی سیاسی اہمیت بیان کریں.

**Ans 1:** مردم شماری کی اہمیت کو درج ذیل نکات کی مدد سے واضح کیا جا سکتا ہے 1.مردی شماری منصوبہ بندی کے لیے کروائی جاتی ہے. 2.مردم شماری کے ڈھانچہ میں وقت کے ساتھ آنے والی تبدیلی کو معلوم کرنے کے لیے کروائی جاتی ہے. 3.مردی شماری معاشرتی تبدیلیوں کے بارے میں درست سمت معلومات حاصل کرنے کے لیے کروائی جا تی ہے.

---

Q2. شہری علاقوں میں بلند شرح جرائم کی دو وجوہات بیان کریں.

**Ans 1:** 1.شہری آبادی میں بے پناہ اضافہ 2.غربت اور لوگوں کا پست معیار زندگی

---

Q3. ثقافتی اختلاف سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** مختلف ثقافتوں کے خواص میں اختلاف کا پایا جانا ثقافتی اختلاف کہلاتا ہے.

---

Q4. مسجد کی کیا اہمیت تھی؟

**Ans 1:** مسجد کی اہمیت کو واضح کرنے کے لیے درج ذیل دو نکات کافی ہیں. 1.سوالی و حاجت مندوں کی معاشی ضروریات مسجدوں میں بھی پوری ہوتی ہیں. 2.مسجد افراد کو دینی تعلیم سے نوازتی ہے.

---

Q5. ثقافتی نفوس کسے کہتے ہیں؟

**Ans 1:** جب کسی ثقافت کی خواص دوسری ثقافت میں اپنا لیے جائیں اور وہاں اس میں مقبول ہو جائیں تو اسے ثقافتی نفوذ کہتے ہیں.

---

Q6. ثقافت کے دو خواص تحریر کریں.

**Ans 1:** 1.ثقافت ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتی ہے. 2.ثقافت میں اجتماعیت ہوتی ہے. 3.ثقافت حاجات کی تسکین کرتی ہے.

---

Q7. پاکستانی معاشرے میں ثقافتی تغیر کی دو مثالیں لکھیں.

**Ans 1:** 1.کوٹ اور پتلوں مغرب کے معاشروں سے خاص طور پر برطانیہ سے ہماری ثقافت میں آئے تھے،ہماری ثقافت نے انہیں قبول کر لیا اور اپنا لیا. 2.انگریزی زبان ہم نے بذریعہ ثقافتی نفوذ اپنائی اور اس نے ہماری ماشرتی زندگی میں انقلاب برپا کر دیا.

---

Q8. سمجھوتہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** سمجھوتہ میں فریقین ایک دوسرے کو مراعات دے کر معاہدہ کر لیتے ہیں.عارضی طور پر مخالفت تھم جاتی ہے،طرفین مشترکہ طور پر مسئلہ پر غور کرتے ہیں جیسے شملہ معاہدہ پاکستان و ہند میں طے پایا تھا،پاکستان اور انڈیا کی کارگل کے مقام پر جنگ ہوئی لیکن بعد میں جنگ بندی کا معاہدہ طے پایا جوکہ امریکہ میں ہوا.

Q9. غیر ماوی ثقافت سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** غیر مادی ثقافت سے مراد ایسی ثقافت ہے جس کو نہ چھوا جا سکتا ہے اور نہ دیکھا جا سکتا ہے جیسے خیالات.عقائد وغیرہ.

Q10. ثقافتی مما ثلت کی تعریف کریں.

**Ans 1:** ہر ثقافت میں مماثلت پائی جا تی ہے.مختلف ثقافتوں میں بہت سے خواص کا مشترک پایا جانا ثقافتی مماثلت کہلاتا ہے.